P.R.No.23/2025

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا اسلام آباد ائر پورٹ کا دورہ

مسافروں کی شکایات سن کر موقع پر ہی ہدایات جاری کی گئیں

وفاقی محتسب کی یکجا سہولیاتی ڈیسک پر موجود تمام اداروں کو مزید فعال بنانے کی ہدایت

اسلام آباد( )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد ائر پورٹ کے خلاف شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر کی سربراہی میں وفاقی محتسب کے افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم گزشتہ روز اسلام آباد ائر پورٹ بھیجی جس نے دورہ کے دوران مسافروں سے ملاقات کر کے ان کی شکایات سنیں، ائر پورٹ کی انتظامیہ کو ان کے ازالہ کے لئے موقع پر ہی ہدایات جاری کیں اور بعض مسافروں کے مسائل موقع پر حل کرائے۔ٹیم نے ائر پورٹ پر نیشنل وانٹر نیشنل لاؤنجز، Luggage Area، سی آئی پی لاؤنج، امیگریشن اور دیگر ایجنسیوں کے کاؤنٹرز سمیت تمام شعبہ جات کا دورہ کر کے مسائل کا جائزہ لیا۔ بیرون ملک جانے والے مسافروں کی زیادہ تر شکایات کا تعلق امیگریشن میں تاخیر، ایف آئی اے، اے ایس ایف، اے این ایف اور کسٹمز کے عملے کی طرف سے ناجائز تنگ کئے جانے اور عدم توجہی کے بارے میں تھیں جب کہ بیرون ملک سے آنے والے پاکستانیوں کی شکایات میں سامان کا دیر سے ملنا یا سامان کی گمشدگی کی شکایات شامل تھیں۔ ٹیم نے قبل ازیں اسلام آباد ائر پورٹ کے دورہ پر بھیجی گئی مختلف ٹیموں کی سفارشات پر عملدرآمد کا جائزہ بھی لیا۔ٹیم نے گزشتہ دورہ کے دوران ایف آئی اے، اے این ایف، اے ایس ایف اور کسٹمز کے یکجا سرچ ڈیسکوں پر CCTV کیمرے لگانے اور تمام کاؤنٹرز پر مسافروں کی آگاہی کے لئے اردو اور انگریزی میں بل بورڈز لگانے اور عوامی آگاہی کے لئے انہیں ٹی وی اسکرین پر بھی مسلسل دکھانے کی ہدایات دی تھیں۔ٹیم کو بتایا گیا کہ ائر پورٹ انتظامیہ نے ان ہدایات پر عملدرآمد کر دیا ہے۔ٹیم نے ائر پورٹ پر Visa Protector Stamp کی سہولت کی موجودگی کے باوجود شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ ائر پورٹ پر اس سہولت کے ہوتے ہوئے شکایات کا کوئی جواز نہیں۔ٹیم نے فلائٹوں کی تعداد کے مطابق سہولیاتی کاؤنٹرز بڑھانے کے ساتھ ساتھ ائر پورٹ پر پولیو کارڈ کے اجراء کی سہولت فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی۔ ٹیم نے وفاقی محتسب کی طرف سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی سہولت کے لئے قائم کئے گئے ''یکجا سہولیاتی ڈیسک'' کا بھی معائنہ کیا اور وہاں موجود 12 وفاقی ایجنسیوں کے ذمہ داران سے شکایات کی نوعیت کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے علاوہ شکایات رجسٹر چیک کئے۔ وفاقی محتسب کی ٹیم کو گزشتہ دورے کے دوران یہ شکایت ملی تھی کہ ائر پورٹ پر تعینات بعض اداروں کے اہلکار مسافروں سے ناجائز رقم کا مطالبہ کرتے ہیں۔ٹیم نے ایسے اہلکاروں کے خلاف انکوائری کر کے رپورٹ بھی طلب کی۔ٹیم نے تمام متعلقہ ایجنسیوں کے مقامی سربراہان کو مسافروں بالخصوص بیرون ملک پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لئے ہدایات دیں۔ٹیم اپنے دورے کی تفصیلی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کرے گی۔

24/04/2025

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

24 اپریل 2025ء